NHS

کیا آپ جانتے ہیں کہ GP پریکٹس کی جانب سے فراہم کیا جانے والا علاج سب کے لیے مفت ہے؟

آج ہی GP پریکٹس کے ساتھ رجسٹر ہوں!

Leicester City Clinical Commissioning Group, West Leicestershire Clinical Commissioning Group, East Leicestershire and Rutland Clinical Commissioning Group

کیا آپ لیسٹر، لیسٹرشائر اور راٹلینڈ میں رہائش پذیر ہیں اور آپ کو مقامی ڈاکٹر میسر نہیں؟

آپ GP پریکٹس کی جانب سے نگہداشت صحت اور علاج حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ سب کے لیے مفت ہے۔ GP ایک مقامی فیملی ڈاکٹر ہوتا ہے GP کی جانب سے نگہداشت اور علاج حاصل کرنے کے لیے آپ کا اپنی مقامی GP پریکٹس کے ساتھ رجسٹر ہونا لازم ہے۔

آپ GP پریکٹس میں کام کرنے والے دیگر افراد جیسا کہ نرسز اور فارماسسٹس کی جانب سے بھی نگہداشت حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے مقامی علاقے میں کسی بھی GP پریکٹس کے ساتھ رجسٹر ہو سکتے ہیں بشرطیکہ ان کے پاس نئے مریضوں کے لیے جگہ موجود ہو۔

GP استقبالیہ یا GP رجسٹریشن افسر سے رابطہ کر کے رجسٹر کرنے کی درخواست کریں۔ GP ریسپشنسٹ آپ سے رجسٹریشن فارم پُر کرنے کا کہے گا۔ اگر ضرورت ہو تو فارم پُر کرنے کے لیے مدد طلب کریں اور اسے GP استقبالیے پر واپس کریں۔ جب آپ اپنی مقامی GP پریکٹس کے ساتھ رجسٹر ہو جائیں گے تو وہ آپ کی جاری طبی نگہداشت کی دیکھ بھال کریں گی۔

رجسٹر ہونے کے فوائد

جب آپ رجسٹر ہو جائیں گے، تو آپ ایسی کئی سروسز استعمال کرنے کے قابل ہو جائیں گے جو آپ کا اس صورت میں علاج کریں گی جب آپ بیمار محسوس کریں گے اور صحت کے کسی بھی مسائل کی تشخیص میں مدد کریں گی۔



GP پریکٹس کی جانب سے نگہداشت حاصل کرنا آپ کے لئے اپنی صحت کے بارے میں فیصلے کرنے میں مدد اور درست علاج حاصل کرنے کا ایک اہم طریقہ ہے۔

اگر آپ کو اسپتال یا دیگر سروسز کی جانب سے خصوصی نگہداشت درکار ہوتی ہے تو آپ کی GP پریکٹس اس کا انتظام آپ کے لیے کرے گی۔

آپ کی GP پریکٹس اس بات کو یقینی بنائے گی کہ آپ اور آپ کے اہل خانہ مامون کاری اور ویکسینز کے لیے انجیکشنز حاصل کریں۔ یہ آپ کو کئی انفیکشنز اور بیماریوں سے بچائیں گے۔
GP پریکٹس کے ساتھ رجسٹر ہونا covid ویکسینیشن حاصل کرنے میں آپ کی مدد کرے گا۔

آپ کہاں رہتے ہیں کیا آپ کو اس بات کا ثبوت درکار ہے؟

آپ کہاں رہتے ہیں اس بات کا ثبوت ہونا مفید ہے، لیکن اگر آپ کے پاس ایسی کوئی دستاویزات نہیں ہیں جو یہ ظاہر کر سکیں کہ آپ کہاں رہتے ہیں، تو آپ تب بھی GP پریکٹس کے ساتھ رجسٹر ہو سکتے ہیں۔

آیا آپ پناہ کے متلاشی ہوں، مہاجر ہوں، بے گھر مریض ہوں یا غیر ملکی سیاح ہوں، آیا آپ UK میں قانونی طریقے سے موجود ہوں یا نہیں، یہ تب بھی یکساں رہے گی۔

کیا آپ کو شناخت کے فارم کی ضرورت ہے؟

آپ کو GP کے ساتھ رجسٹر ہوتے ہوئے ID، امیگریشن کی حیثیت یا NHS نمبر دکھانے کی ضرورت **نہیں ہے**، لیکن ایسا کرنا معاون ثابت ہوتا ہے۔

GP کے ساتھ رجسٹر ہوتے ہوئے اگر آپ درج ذیل میں سے کم از کم کوئی ایک دستاویز بھی فراہم کرتے ہیں تو ایسا کرنا معاون ثابت ہوتا ہے:

- پاسپورٹ
- پیدائش کا سرٹیفکیٹ
- بائیو میٹرک رہائشی اجازت نامہ
- سفری دستاویز
- HC2 سرٹیفکیٹ
- ARC کارڈ
- یوٹیلٹی بل

GP پریکٹس کے ساتھ کیسے رجسٹر ہوا جائے

جب آپ انگلینڈ یا کسی نئے علاقے میں تشریف لائیں تو جلد از جلد رجسٹر کروائیں تاکہ بیمار ہونے کی صورت میں آپ اپنے GP سے ملاقات کر سکیں۔

وہ GP تلاش کریں جو آپ کی ضروریات بہترین طور پر پوری کرتا ہو۔ آپ یہ دیکھنے کے لیے GP پریکٹسز ملاحظہ کر سکتے ہیں کہ وہ کیا پیشکش کرتی ہیں۔

اپنے نزدیک ترین GP پریکٹس کو تلاش کرنے کے لیے https://www.nhs.uk/service-search/find-a-GP ملاحظہ کریں۔

آپ اپنی مقامی GP پریکٹس یا ہمارے مقامی GP رجسٹریشن افسران سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ GP پریکٹس کے ساتھ رجسٹر کیسے کریں اور جب آپ بیمار محسوس کر رہے ہوں تو نگہداشت صحت کیسے حاصل کریں ان سے متعلق کسی بھی سوالات کی صورت میں وہ آپ کی مدد کریں گے۔

مزید معلومات کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں

www.leicestercityccg.nhs.uk/you-and-your-gp-practice

SCAN ME

یا اپنے مقامی GP رجسٹریشن افسران سے رابطہ کریں

پرکاش پٹیل (Parkash Patel)
07824 821101
Prakash.Patel10@nhs.net

Leicester City Clinical Commissioning Group, West Leicestershire Clinical Commissioning Group, East Leicestershire and Rutland Clinical Commissioning Group